نمبر ٦ ریاست رامپور گزٹ جلد ۳۰

RAMPUR STATE GAZETTE

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۱۳ شعبان المعظم ۱۳۴۶ھ مطابق ٦ فروری ۱۹۲۸ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تبادلہ جات سب انسپکٹران پولیس	۱
۲	معافی معطلی احمد علیخان سب انسپکٹر	۱
۳	بابت حصول اجازت برآمدگی پرنالہ و سنڈاس	۱ و ۲
۴	بابت تعمیر کرانے پرنالہ وغیرہ بہنگام تعمیر مکان جدید	۲
۵	تاکید بابت ترتیب نقشہ جات تعزیرات	۳
٦	اضافہ ناظر بندوبست	۳
۷	رخصت ... مدرس معاون	۳
۸	صدری تنخواہ مدرسین ...	[illegible]
۹	تقرر ... بعہدہ مدرسی	[illegible]
۱۰	اضافہ اسامی مدرسی	۳
۱۱	رخصت رجسٹرار صاحب صدر	۳
۱۲	... مدرسہ ...	۳ و ۴
۱۳	معائنہ ...	۴
۱۴	نقشہ حساب ...	ضمیمہ

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۲٦ جنوری ۱۹۲۸ء

بنظر مصالح انتظامی حسب صراحت ذیل سب انسپکٹران انچارج کے تبادلے منظور ہیں۔

۱۔ عطاء الحق سب انسپکٹر انچارج تھانہ بلاسپور سے بکار انچارجی تھانہ کیمری تبدیل ہو۔

۲۔ اشفاق النبی خان سب انسپکٹر انچارج کیمری سے بکار انچارجی تھانہ سوار تبدیل ہو۔

۳۔ محی الدین خان سب انسپکٹر انچارج سوار سے بکار انچارجی تھانہ ملک تبدیل ہو۔

۴۔ شبیر حسین سب انسپکٹر انچارج ملک سے بکار انچارجی تھانہ شاہ آباد تبدیل ہو۔

۵۔ احمد علی بیگ سب انسپکٹر انچارج تھانہ شاہ آباد سے بکار انچارجی تھانہ حوالی شہر تبدیل ہو۔

٦۔ یٰسین خان سب انسپکٹر انچارج تھانہ حوالی شہر سے بکار انچارجی تھانہ بلاسپور تبدیل ہو۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۲۸ جنوری ۱۹۲۸ء

احمد علیخان سب انسپکٹر تھانہ گنج کو بقصور بیگار کام معطل کیا گیا تھا سب انسپکٹر مذکور کو حکم معطلی سے تنبہ اور ... ہو اور کل ایک کیس ہی کوکین کا گرفتار کیا ہے۔ لہذا بمعافی معطلی احمد علیخان سب انسپکٹر کو بحال کیا جانا منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۳۰ جنوری ۱۹۲۸ء

شہر میں اکثر مکانات لب راستہ ایسے پائے جاتے ہیں کہ جھجے پرنالوں کا پانی راہگیروں وغیرہ پر گرتا ہے جس

اور اس حکم کو بھی صیغہ میونسپلٹی سے بآواز دہل منادی کرادی جائے مع اُس روبکار۔
دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقع ۲۸ جنوری سنہ ۱۹۲۸ء

نقشہ وصول باقی نزدوات صیغہ جات ماتحت بابت سہ ماہی اول مِن ابتدا اکتوبر سنہ ۱۹۲۷ء لغایت دسمبر سنہ ۱۹۲۷ء مرتبہ صاحب سپرنٹنڈنٹ آفس ملاحظہ ہوا نقشہ منسلکہ سے واضح ہوا کہ [illegible] بقایا کے اور [illegible] سال حال میں آکر میزان [illegible] کا مطالبہ نزدوات ہوگیا۔ منجملہ کے مبلغ [illegible] سیاہہ نزدوات ہوئے۔ اور مبلغ [illegible] باقی ہیں۔ بقایا مطالبہ نزدوات کے مبلغ [illegible] کے حسابات روانہ ہوچکے۔ اور مبلغ [illegible] کے حسابات زیر ترتیب ہیں۔ حسابات زیر ترتیب کی جلد کارروائی مجرائی ہونا چاہیے۔ اور جو حسابات روانہ ہوچکے ہیں اُنکو سیاہہ نزدوات کیا جائے۔ بہرحال صفائی نزدوات کے متعلق صیغہ جات ماتحت سے بلیغ کوشش کیجائے اور جو نزدوات خزانہ سے لیجائے اُسکے حسابات جلد مرتب ہونا چاہئے تاکہ صفائی نزدوات ہوتی رہے۔ اور سالتمام کثیر تعداد باقی نہ برآمد ہو۔ اگر صفائی نزدوات کی جانب صیغہ جات ماتحت سے کوشش کیجائیگی تو اُسکا نتیجہ سالتمام پر عمدہ برآمد ہوگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ بنا بر صفائی نزدوات جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔
دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

گوشوارہ نزدوات متعلقہ صیغہ جات ماتحت بابت سہ ماہی اول مِن ابتدا اکتوبر سنہ ۱۹۲۷ء لغایت دسمبر سنہ ۱۹۲۷ء

نمبر شمار	نام صیغہ	نزدوات: بقایا	نزدوات: حال	نزدوات: کل	مجموعی نزدوات: بقایا مجرا خزانہ صدر	مجموعی نزدوات: بقایا حساب روانہ شدہ	باقی: بقایا از خانہ نمبر ۵ و ۶	باقی: بقایا از خانہ نمبر ۵ و ۷	کیفیت
۱	صیغہ تعمیرات	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
۲	بجلی گھر	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
۳	اسٹیٹ انجینئر	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
۴	ریلوے	[illegible]	[illegible]	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	
۵	روشنی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
۶	آبکاری	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
۷	پولیس	[illegible]	۰	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]		
۸	صیغہ نہر	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
۹	میونسپلٹی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
۱۰	میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	

سڑک یا کھرنجہ بہت جلد خراب ہوتا ہے۔ اور راہگیروں کو بھی تکلیف ہوتی ہے۔ اسیطرح بعض مکانات میں باہر کے رُخ پر کھلے ہوئے سنڈاس ہیں جو نہایت نازیبا بات ہے۔ پُرانے مکانات کے پرنالوں کے لئے خفتی ہونیکا حکم اور سنڈاسوں کو لکڑی کے تختہ سے بند کرانیکا حکم علیحدہ دیاگیا ہے کہ بتدریج وبسہولت یہ کارروائی میونسپلٹی سے ذریعہ مکانداران کرائی جائے۔ لیکن آیندہ جو مکانات جدید اہل شہر تیار کریں یا پُرانے مکانات میں جدید سنڈاس یا پرنالے نکالیں تو اُنکی بابت تجویز کیا جاتا ہے کہ مالک مکان کوئی پرنالہ یا سنڈاس بلا اجازت میونسپلٹی باہر کے رُخ پر سڑک یا کھرنجہ یا عام راستہ یا افتادہ آراضی وغیرہ ملکیت سرکار کی جانب بطور خود نہ نکالیں بلکہ میونسپلٹی سے حسب قاعدہ اجازت حاصل کریں۔ میونسپلٹی سے اُنکی استدعا پر اگر وہ حقدار ہے تو برآمدگی پرنالہ یا سنڈاس کی اجازت ہوگی۔ لیکن ہمیشہ پرنالے خفتی کی اجازت ہوگی۔ اور سنڈاس کی اس شرط پر کہ وہ بند رکھا جائے۔ اجازت ہوا کریگی۔ بصورت خلاف ورزی پرنالہ یا سنڈاس بند کرادیا جائیگا۔ اور مناسب جرمانہ بھی ہوگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل برائے اطلاع عام درج گزٹ کرادیجائے۔ اور صیغہ میونسپلٹی سے بآواز دہل منادی کرادی جائے۔
دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقع ۳۰ جنوری سنہ ۱۹۲۸ء

مثل عرضداشت صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ پیش کرنے رپورٹ ہیلتھ افسر نسبت انتظام پرنالوں اور سنڈاسوں کے جو لب راستہ ہوں۔

حکم

پچھلے مکانات تیار شدہ کے جو ایسے پرنالے ہیں کہ سڑکوں یا کھرنجوں یا راستوں پر گرتے ہیں۔ اُنکے پرنالے حسب تجویز صاحب چیف میڈیکل افسر خفتی کرادیے جائیں۔ اور جو سنڈاس کھلے ہوئے ہیں اُنکو لکڑی کے تختوں سے ڈھکوایا جائے۔ لیکن بتدریج یہ کارروائی آہستگی سے کیجائے تاکہ عام شورش یا شکایات نہ ہوں۔ آیندہ جو مکانات تعمیر ہوا کرینگے اُنکے پرنالوں اور سنڈاسوں کے متعلق علیحدہ بتاریخ امروزہ میں روبکار جاری کردیا گیا ہے۔ اُسکی پابندی کیجائے۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اصل کاغذات صاحب ہوم سکریٹری بہادر کے پاس بھیجدیے جائیں۔ اور ایک نقل مع اُس روبکار کے جو اسی انتظام کے تحت میں جاری ہوا درج گزٹ کیجائے۔

احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۷ر جنوری سنہ ۱۹۲۸ء

مثل تحریر صاحب مہتمم بندوبست در بارۂ اضافہ تنخواہ منشی محمود حسن ناظر بندوبست بنا بر تکمیل تنخواہ و خوش اسلوبی کام۔

حکم

رپورٹ ملاحظہ ہوئی۔ ۱۰ روپیہ ناظر بندوبست کا اضافہ کیا جانا منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ر جنوری سنہ ۱۹۲۸ء

مثل رپورٹ حاکم صاحب صدر در بارۂ منظوری رخصت مزید بیگا رعایتی چوبے بھگوانداس معاون اہلمد پیشی سررشتہ دار صاحب صدر بوجہ بقائے علالت من ابتداء یکم جنوری لغایت آخر جنوری سنہ ۱۹۲۸ء بدستوری بیج راج سرن اہلمد پیشی۔ علاوہ رخصت منظور شدہ

منظور کردہ سررشتہ دار صاحب	منظور کردہ اجلاس ہذا
۴ یوم	۱۵ یوم

حکم

حسب رپورٹ حاکم صاحب صدر رخصت بیگا بھگوانداس کی منظوری اس شرط پر کیجاتی ہے کہ کار سرکار میں کوئی حرج نہ ہو۔ بغرض اجراء احکام واپس ہو۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مسدودی تنخواہ

۲۳ر جنوری سنہ ۱۹۲۸ء

مدرسہ پل پختہ سے مظفر شاہ طالب العلم درجہ سوم وظیفہ یاب طالب علم کا نام مدرس اول ۲ر جنوری سنہ ۱۹۲۸ء کی رپورٹ کے ذریعہ سے خارج کرا چکا ہے۔ اب ۱۰ر جنوری سنہ ۱۹۲۸ء کی دو رپورٹوں مظفر علی طالب علم درجہ چہارم۔ اور تاج محمد طالب علم درجہ دوم کے اخراج وظیفہ کی پیش ہوئیں۔ جنپر علیحدہ حکم ہو چکا ہے۔ اس مدرسے میں امتحان کے وقت طلباء وظیفہ یاب کے اخراج کی کارروائی محض مدرسین کی چالاکی کی بنا پر ہے۔ معائنوں میں مدرس اول و مدرس دوم کی تعلیم خراب ہونیکا نوٹ ہوتا رہا ہے اور مدرسین کو ہدایات ہوتی رہی ہیں مگر مدرسین نے اپنا کام ٹھیک نہیں کیا چونکہ طلباء کی تعلیم میں کمزوری تھی اسکو پوشیدہ کرنے کیلئے یہ چالاکی کی گئی ہے۔ ہر دو مدرسین ابھی تک غیر مستقل ہیں انکا یہ طرز عمل نہایت ناپسندیدہ اور قابل تدارک ہے۔ لہذا ہر دو مدرسین کی تنخواہ تا حکم ثانی مسدود کیجائے

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۲۳ر جنوری سنہ ۱۹۲۸ء

مسمی بھوکن لال مدرس مدرسہ مڈل کی جگہ مدرسہ مڈل میں خالی ہے۔ بجائے انکے مسمی بھگوان پرشاد انٹرنس پاس کا تقرر امتحاناً برائے چھ ماہ بمبلغ بارہ روپیہ (۱۲) تنخواہ پر کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۵ر جنوری سنہ ۱۹۲۸ء

حسب سفارش ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول پنڈت اننت رام ملازم ہائی اسکول تنخواہ دار بارہ روپیہ (۱۲) ماہوار کی تنخواہ میں تین روپیہ (۳) ماہوار اضافہ منظور کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۳۰ر جنوری سنہ ۱۹۲۸ء

مثل رپورٹ رجسٹرار صاحب صدر و مہتمم مطبع سرکاری در بارۂ منظوری رخصت مزید یک ہفتہ بوجہ ضعف علالت۔

حکم

مزید ایک ہفتہ کی رخصت با نتظام موجودہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔ عرضداشت اطلاعی اجلاس ہمایوں میں مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۳۱ر جنوری سنہ ۱۹۲۸ء

مسمی [illegible] مدرس [illegible] تحصیل [illegible] کا کام بہت خراب ہے چند مرتبہ اسکو ہدایات کی گئیں مگر کام درست نہ ہوا۔ لہذا حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مسمی [illegible] مدرس [illegible] تحصیل [illegible] یکم فروری سنہ ۱۹۲۸ء سے برخاست کیا گیا۔ اور بجائے مسمی [illegible]

مدرسہ پرمین منڈہی لال مدرس احمد نگر پرگنہ حضور تحصیل تنخواہ دار للعہ ۱ ہوا تبدیل کیا گیا ۔ مدرسہ احمد نگر میں سے بے لال مڈل پاس کا تقرر للعہ ۱ ہو رہا انتظاماً برائے چند ماہ کیا گیا ۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو ۔

دستخط صاحب چیف ڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

واقع ۱۸ جنوری سنہ ۱۹۲۸ء

آج ہمنے مویشیخانہ جات شاہ آباد خاص و پٹوائی و سیفنی کا معائنہ کیا جسکی تفصیل حالت تحت میں درج کیجاتی ہے ۔

(۱) مویشیخانہ شاہ آباد خاص میں واحد حسین خان محرر عرصہ دو سال پانچ ماہ سے اس مویشیخانہ میں تعینات ہے ۔ دس روپیہ ماہوار تنخواہ پارہا ہے ۔ رجسٹرات جو مویشیخانہ کے معائنہ سے واضح ہوا کہ سن ابتدا اکتوبر لغایت ۲۰ نومبر سنہ ۱۹۲۷ء اندراج پچھلی سالون کے رجسٹران میں کیا گیا ہے ۔ اسکی وجہ یہ بیان کی گئی کہ صدر دفتر سے رجسٹران متعلقہ شروع سال پر نہیں ملے ۔ ماہ نومبر میں جدید رجسٹر ملے ہیں ۔ اسوجہ سے پچھلی سالون کے رجسٹروں میں اندراج کیا گیا ۔ اور جدید رجسٹروں میں پچھلے رجسٹروں سے یک ماہ ۲۰ یوم کا علاوہ آمدنی نقل جملہ رجسٹرہاے جدید میں کی گئی ۔ یہ عمل غلط ہے محرر کو شروع سال سے قبل رجسٹران صدر دفتر سے حاصل کرلینا چاہیے تھے ۔ اگر صدر دفتر سے تاخیر سے ملے تھے تو رجسٹران کے جدید خانہ اول میں سن ابتدا اکتوبر لغایت ۲۰ نومبر سنہ ۱۹۲۷ء تک کے گوشوارہ کی نقل کرلینا چاہیے تھی ۔ تفصیلی اندراج کی ضرورت نہ تھی ۔ اس صورت میں ایک اندراج دو جگہ پایا جاتا ہے ۔ برائے آیندہ حسب قاعدہ محرر کو عملدرآمد کرنا چاہیے ۔ مویشیخانہ میں کوئی مویشی وقت معائنہ موجود نہ تھا ۔ چارہ کا اسٹاک بھوسہ کا موجود پایا فصل کے اعتبار سے چری بھی خوراک میں ہونا چاہیے ۔ آمدنی کا اندراج صحیح ہے ۔ ماہ جنوری کی ۱۴ تاریخ میں ۶ کی آمدنی ہوئی ہے ۔ وہ محرر کے پاس نقد تحویل میں موجود ہے ۔ صفائی اندرون مویشیخانہ اچھی پائی گئی ۔ محرر مویشیخانہ میں دو سال زائد کا تعینات ہے ۔ اس لئے کسی دوسرے مویشیخانہ میں نامبردہ کا تبادلہ ہونا چاہیے ۔

(۲) مویشیخانہ سیفنی میں سے ولایت حسین محرر مشاہرہ دار آٹھ روپیہ ہوا ۲ نومبر سنہ ۱۹۲۵ء سے تعینات ہے ۔ تاریخ امروزہ میں مویشیخانہ میں کوئی مویشی نہیں ہے ۔ چارہ اسٹاک ہر قسم کا باعتبار موسم موجود ہے ۔ صفائی مویشیخانہ کی اچھی نہیں ہے ۔ اندر سے مکان مویشیخانہ میلا ہے ۔ رجسٹران کا معائنہ کیا گیا ۔ پچھلی سال کے ماہ اکتوبر لغایت دسمبر سنہ ۱۹۲۶ء کے مقابلہ میں سال حال کے ان ماہ میں مبلغ ... کی بیشی ہے ۔ رجسٹران چند جگہ پر مشکوک کئے گئے ہیں ۔ سرکاری رجسٹروں کا مشکوک ہونا مناسب نہیں ہے ۔ برائے آیندہ محرر کو ہدایت کیجاتی ہے جسجگہ رجسٹران میں غلطی ہوجائے اسکو سرخی سے قلمزد کردیا جائے ۔ اور اپنے دستخط کردیے جائیں ۔ اور آیندہ صفائی مکان مویشیخانہ کی عمدہ طور پر رکھی جائے ۔ آیندہ اگر سرکاری آمدنی میں اسیطرح ترقی رہی تو محرر کے اضافہ کے لئے غور کیا جائیگا ۔

(۳) مویشیخانہ پٹوائی میں سکھ دیو زائن محرر حال میں مویشیخانہ سوناگر سے تبدیل ہوکر آیا ہے ۔ تاریخ امروزہ میں وقت معائنہ کوئی مویشی نہ تھا ۔ چارہ کا اسٹاک ہر قسم موجود تھا ۔ صفائی بھی اچھی تھی ۔ پانی کا حوض مرمت طلب ہے ۔ اسکی مرمت ہونا چاہیے ۔ تاکہ مویشیوں کو آبنوشی کی تکلیف نہ ہو ۔ آمدنی تاریخ امروزہ تک داخل خزانہ ہوچکی ہے ۔ کوئی رقم تحویل میں باقی نہیں ہے ۔ اندراج رجسٹران صحیح ہے ۔

(۴) ان ہر سہ مویشیخانہ جات کے مکانات جا بجا سے ایام برسات میں منہدم ہوگئے ہیں ۔ جنکی مرمت کے لئے ذریعہ صیغہ تعمیرات عرضداشت بحضور مرشدزادہ آفاق نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم روانہ کیجاے ۔ لہذا

حکم ہوا کہ

ایک نقل روبکار ہذا کی باندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو ۔ اور ذریعہ دیگر نقل حکم خدمت میں صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس اطلاع دیجائے ۔ نقل روبکار شامل نمبر اجلاس ہذا میں چسپان کیجائے ۔ برائے تعمیل حوالہ اہلکار اجلاس ہو ۔

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور سہ ماہی من ابتدائے اکتوبر لغایتہ دسمبر سنہ ۱۹۲۷ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	تفصیل پیدائش: مرد ہندو	تفصیل پیدائش: عورت مسلمان	تفصیل پیدائش: عورت ہندو	میزان	تفصیل بہ مذہب: مسلمان	تفصیل بہ مذہب: ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک: مرد	ایک سال سے ۵ سال تک: عورت	۵ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	۵ سال سے ۱۲ سال تک: عورت	۱۲ سال سے زیادہ: مرد	۱۲ سال سے زیادہ: عورت	میزان: مرد	میزان: عورت	تفصیل بہ مذہب: مسلمان	تفصیل بہ مذہب: ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	تپ	سنگرہنی	مارگزیدہ	[illegible]	طاعون	از خانہ نمبر ۱۹ لغایت خانہ نمبر ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۹۸	۴۰	۹۹	۳۷	۲۷۴	۱۹۷	۷۷	۴۸	۳۷	۳	۳	۴۲	۵۵	۵۳	۵۴	۱۵۴	۳۳	۰	۳	۰	۱۸۵	۰	۰	۰	۱۸۷	
گنج	۸۷	۱۰	۴۴	۱۱	۱۵۲	۱۳۱	۲۱	۳۲	۲۶	۴	۸	۴۰	۴۰	۸۴	۶۴	۱۴۳	۲۳	۰	۰	۰	۱۶۰	۰	۰	۰	۱۶۰	
حوالیٔ شہر	۳۰	۴۴	۳۶	۴۴	۱۵۴	۶۶	۸۸	۱۸	۱۵	۱	۳	۲۶	۲۱	۴۵	۳۹	۴۹	۳۵	۰	۰	۰	۸۴	۰	۰	۰	۸۴	
عظیم نگر	۷۷	۶۴	۶۷	۵۸	۲۶۶	۱۴۴	۱۲۲	۶۹	۶۱	۲	۳	۴۲	۲۷	۷۴	۵۶	۶۶	۶۴	۰	۰	۰	۱۳۰	۰	۰	۰	۱۳۰	
شاہ آباد	۷۹	۲۵۵	۵۷	۲۱۴	۶۰۵	۱۳۶	۴۶۹	۶۳	۴۸	۲۰	۳۳	۷۷	۴۳	۱۱۰	۲۱۵	۸۰	۲۲۵	۰	۰	۰	۳۲۰	۰	۰	۵	۳۲۵	
ٹیگوائی	۳۵	۱۷۳	۳۵	۱۳۳	۳۷۶	۷۰	۳۰۶	۲۸	۴۰	۳	۴	۵۱	۴۴	۹۲	۷۷	۳۲	۱۳۷	۰	۰	۰	۱۶۹	۰	۰	۰	۱۶۹	
ملک	۳۵	۳۸۸	۴۰	۲۲۲	۶۸۵	۷۵	۶۱۰	۶۷	۶۰	۱	۴	۶۲	۶۸	۱۳۹	۱۴۲	۴۲	۱۳۹	۰	۰	۰	۱۷۸	۳	۰	۰	۱۸۱	
بلاسپور	۸۹	۵۵	۵۴	۶۵	۲۶۳	۱۴۳	۱۲۰	۲۳	۲۶	۷	۵	۴۲	۵۲	۶۲	۹۴	۷۷	۷۹	۰	۰	۰	۱۵۶	۰	۰	۰	۱۵۶	
کیمری	۸۸	۱۴۹	۴۴	۱۱۹	۴۰۰	۱۳۲	۲۶۸	۱۳	۲۳	۳	۶	۵۵	۳۶	۶۱	۶۶	۴۸	۸۹	۰	۰	۰	۱۳۴	۲	۰	۰	۱۳۶	
سوار	۱۰۶	۷۴	۷۱	۴۰	۲۹۱	۱۷۷	۱۱۴	۳۳	۳۶	۱۲	۳	۵۹	۲۹	۱۰۴	۶۸	۱۱۶	۵۶	۰	۰	۰	۱۷۱	۰	۱	۰	۱۷۲	
ٹانڈہ	۸۷	۹۸	۶۶	۸۰	۳۳۱	۱۵۳	۱۷۸	۳۴	۳۷	۳	۵	۳۹	۴۱	۷۶	۸۳	۱۰۱	۵۸	۰	۳	۰	۱۵۴	۲	۰	۰	۱۵۹	
میزان	۸۱۱	۱۲۵۰	۶۱۳	۱۰۴۵	۳۷۱۹	۱۴۲۴	۲۲۹۵	۴۰۶	۲۹۵	۶۰	۷۷	۳۳۵	۳۸۶	۱۰۰۲	۹۵۸	۹۱۱	۱۰۴۹	۰	۵	۰	۱۹۴۱	۷	۱	۵	۱۹۶۰	

ہفتہ اول - نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور منتہیہ ۱۰ فروری ۱۹۲۷ء

نام جنس	دفتر تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
نخود خالص	[illegible]	[illegible]	[illegible]	٠	[illegible]	٠	
نخود کر آمیز	[illegible]	٠	[illegible]	٠	[illegible]	٠	
کسر	[illegible]	٠	[illegible]	٠	[illegible]	٠	
ماش	[illegible]	[illegible]	[illegible]	٠	[illegible]	٠	
مونگ	[illegible]	[illegible]	٠	٠	[illegible]	٠	
مکا	[illegible]	[illegible]	[illegible]	٠	[illegible]	٠	
جئی	[illegible]	٠	٠	٠	٠	٠	
گوجی	[illegible]	٠	٠	٠	٠	٠	
مسس	[illegible]	٠	٠	٠	٠	٠	
ارہر	[illegible]	٠	٠	٠	٠	٠	
برنج	[illegible]	[illegible]	[illegible]	٠	[illegible]	٠	
روغن زرد	[illegible]	[illegible]	[illegible]		[illegible]	٠	
روغن سیاہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	٠	[illegible]	٠	
روغن کنجد	[illegible]	[illegible]	[illegible]	٠	[illegible]	٠	
نمک سانبھر	[illegible]	[illegible]	[illegible]	٠	[illegible]	٠	
نمک لاہوری	[illegible]	[illegible]	[illegible]	٠	٠	٠	
قند سیاہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	٠	[illegible]	٠	
باجرہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	٠	٠	٠	دیگر تحصیلوں سے نرخ نہیں آیا